ہے۔ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

حدیث "کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْهِ"

ہر ایک برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے' اور ہر ایک کو فیض فضل کے مراتب کے موافق نصیبہ دیا۔

محمدؐ چو بینی بیابی خدا
خدا را مکن از محمدؐ جدا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیا تو خدا کو دیکھ اور پا لے گا۔ خدا کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جدا نہ سمجھو۔

کیونکہ لولاک اس کی نعت میں وارد ہے۔ اس واسطے کہ نور محمدؐ نور ذات احدی ہے۔ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

قولہ تعالیٰ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِیْقًا"

نبی' صدیق' شہید اور نیک آدمی اچھے رفیق ہوتے ہیں۔

بعد ازاں مصنف تصنیف فقیر باہو فنا فی ہو ولد بازید عرف اعوان ساکن قلعہ شور عرض پرداز ہے کہ یہ چند ایک کلمات تصوف کی صفات' صحیح شناخت حق' معرفت اور ذکر کے بارے میں قرآن شریف اور حدیث کے موافق نفس خبیث اور شیطان ملعون کے دفعیہ کے لئے لکھے گئے ہیں۔ جو سراسر توفیق ہیں۔